Secondary Arabic (235)

یونٹ:1 سبق نمبر 1: عربی زبان کے حروف تہجی

سبق نمبر	سبق کا نام	زبان کی مہارتیں				زندگی کی عملی کام/سرگرمیاں/مہارتیں
		سننا/بولنا	پڑھنا	لکھنا	اصناف/قواعد/صنائع بدائع /اسلوب	
1	عربی زبان کے حروف تہجی	حروف	عربی حروف	عربی حروف	عربی حروف	عربی حروف کا پڑھنا اور ان کی ادائیگی

<u>سبق کا خلاصہ:</u>

عربی حروف یا حروف تہجی کی کل تعداد 29ہے جن میں’ ہمزہ‘ بھی شامل ہے۔ان کو الگ الگ لکھنے میں اور ان کو الفاظ بنانے کے لیے جوڑ کر لکھنے میں ان کی شکلیں تبدیل ہو تی رہتی ہیں ۔کچھ حروف ایسے بھی ہیں جو ہمیشہ پورے لکھے جاتے ہیں جب کہ کچھ کو صرف ان کے نقطوں سے ہی پہچانا جاتاہے۔ان حروف کی صحیح ادائیگی کا سیکھنا لازمی ہے۔

<u>خاص باتیں:</u>

- عربی میں 29حروف ہیں۔
- حروف کو ملا کر الفاظ بناتے ہینتب ان کی شکلیں بد ل جاتی ہیں۔
- حروف کی ادائیگی کا صحیح طریقہ سیکھنا لازمی ہے۔
- حروف کو جوڑکر لکھنے کی مشق بھی لازمی ہے۔

<u>سمجھنے کی بات</u>

کچھ حروف ایسے بھی ہیں جن کی شکلیں نہیں بدلتیں جیسے الف /ا،د،ذ،ر،ز،و،ئ،ہمزہ الف/ی کے ساتھ آتا ہے تو کبھی کبھی اکیلے بھی الفاظ کے آخر یا بیچ میں آتا ہے۔باقی چھے حروف کے پہلے تو دوسرے حروف مل سکتے ہیں لیکن بعد میں کوئی حرف نہیں مل سکتا۔جب دوسرے حروف بعد میں آئیں گے تو اس سے الگ لکھے جائیں گے۔

غورکرنے کی باتیں:

سبھی 29حروف کو اچھی طرح پڑھیں اور ان کے تلفظ درست کریں ۔ساتھ انھیں بار بار لکھیں۔اس کے ان سے بننے والے چھوٹے عربی الفاظ بار بار پڑھیں اور لکھیں ۔کچھ الفاظ اسی سبق میں دیے گئے ہیں۔

قواعد:

عربی میں کل 29حروف ہیں۔